اسلامیات (لازمی)	نہم 2016ء	پرچہ I: (معروضی طرز)
وقت: 15 منٹ	(دوسرا گروپ)	کل نمبر: 10

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C'B'A اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے دُرست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1-1- ناحق معاملہ میں اپنی قوم کا ساتھ دینا تباہ کرنے کے مترادف ہے:

(a) دوسروں کو (b) معاشرے کو

(c) اپنے آپ کو ✓ (d) قوم کو

2- کس خلیفہ نے منکرینِ زکوٰۃ کے خلاف جہاد کیا:

(a) حضرت ابوبکر صدیقؓ ✓ (b) حضرت عمر فاروقؓ

(c) حضرت عثمانِ غنیؓ (d) حضرت علی مرتضیٰؓ

3- شیطان نے کافروں کا ساتھ چھوڑ دیا' کیونکہ اس نے دیکھ لیا تھا:

(a) ہتھیاروں کو (b) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ وأصحابہٖ وسلم کو

(c) اسلامی لشکر کو (d) فرشتوں کو ✓

4- تقویٰ تقاضا کرتا ہے:

(a) خوفِ خدا ✓ (b) خوفِ موت

(c) حصولِ معیار (d) حصولِ دولت

5- دَابِرَ کے معنی ہیں:

(a) شاخ (b) تنا

(c) جڑ ✓ (d) گچھا

6- نبی کریم صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے بنا کر بھیجا گیا ہے:

(a) منصف
(b) معلم ✓
(c) تاجر
(d) گورنر

7- سورۃ الانفال کی آیات ہیں:

(a) 74
(b) 75 ✓
(c) 76
(d) 77

8- اللہ تعالیٰ نے انبیا کرام علیہم السلام بھیجے اور انھیں دی گئیں:

(a) اہداف
(b) جائیدادیں
(c) بادشاہت
(d) مقدس کتابیں ✓

9- سورۃ الانفال کے پہلے رکوع میں کس غزوہ پر تبصرہ کیا گیا ہے:

(a) غزوۂ بدر ✓
(b) غزوۂ اُحد
(c) غزوۂ احزاب
(d) غزوۂ خندق

10- حصولِ علم ہر مسلمان پر ہے:

(a) غیر ضروری
(b) اہم
(c) تسلی بخش
(d) فرض ✓